بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مجربات تکمیلی

حکیم جلال الدین تکمیلی

بی۔ یو۔ ایم۔ ایس
لیکچرر شعبۂ معالجات
یونانی میڈیکل کالج۔ پونہ۔ ۱

نام کتاب : مجربات تکمیلی

مؤلف : حکیم جلال الدین تکمیلی

اشاعت اوّل : جنوری ۲۰۰۰ء

تعداد : ایک ہزار

ناشر : حکیم جلال الدین تکمیلی

مطبوعہ : سٹی پرنٹ، دہلی

قیمت : ۷۵ روپے

Mujarrabat-e-Takmili
By
Hkeem Jalaluddin Takmili


---


ملنے کا پتہ:

شمیم بانو حکیم جلال الدین تکمیلی

آدرش نگر کالونی، محمد واڑی روڈ

سیّد نگر۔ ہڑپ سر۔ پونہ۔ ۲۸

# فہرست

## امراض فم ولسان



## امراض دندان



## امراض ریہ





## امراض قلب



## امراض معدہ

## امراض مخصوص مرداں





## امراض نسواں

| نمبر شمار | صفحہ نمبر |
| --- | --- |


## امراض اطفال



## امراض متعدیہ، جلدیہ، قروح وجروح

3099

# امراض راس

## اکسیر سرخ

سر درد، نزلہ، زکام، بخار اور کھانسی میں مفید ہے۔

اجزاء : جوز الماثل ست اجوائن فلفل سیاہ گل ارمنی نوشادر
۱۰ گرام ۵ گرام ۲۰ گرام ۲۰ گرام ۲۰ گرام

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کا سفوف بنا کر بقدر بڑا مسور حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی صبح اور ایک شام

## اکسیر نزلہ

نزلہ کے لیے مفید ہے

اجزاء : شیر مدار پھٹکری بریاں
۱۰ گرام ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : دونوں کو باہم ملا کر بقدر نخود گولی بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی صبح اور ایک گولی شام

## خیساندہ صداع حار

صداع حار میں مفید ہے

اجزاء : تخم کاہو مقشر مغز کدو شیریں کشنیز خشک آلو بخارا
۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام ۱۰ اعدد

ترکیب واستعمال: رات میں پانی میں بھگو دیں صبح مل چھان کر پلائیں

# جوشاندہ نزلہ وزکام

## نزلہ زکام اور بخار میں مفید ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | گل بنفشہ | برگ گاؤزباں | اصل السوس | تخم خطمی |
| | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |
| | تخم خبازی | عناب | سپستاں | |
| | ۵ گرام | ۵ عدد | ۱۰ دانہ | |

ترکیب تیاری : بقدر ضرورت پانی میں ابال کر چھان کر پلائیں

نوٹ : بخار ہونے کی صورت میں خاکسی ۳ گرام کا اضافہ کر دیں

# جوشاندہ شقیقہ

## آدھے سر کے درد میں مفید ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | کشنیز خشک | فلفل سیاہ | اسطوخودوس | زرشک | مغز بادام شیریں |
| | ۵ گرام | ۵ عدد | ۵ گرام | ۳ گرام | ۵ عدد |

ترکیب تیاری : پہلے مغز بادام شیریں کا شیرہ پانی میں کچل کر نکال لیں۔ باقی دواؤں کا جوشاندہ تیار کر لیں۔

طریقہ استعمال : جوشاندہ میں مغز بادام شیریں کا شیرہ ملا کر پلائیں

# دوائے کزاز

## تشنج اور نمونیا میں مفید ہے

اجزاء : سم الفار ۔افیون۔ زعفران ہر ایک ۳ گرام

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کو عرق پیاز میں حل کر کے ایک بڑے پیاز میں بند کر کے بھوبل میں ڈالیں ۔ ۵ گھنٹہ بعد نکال

لیں۔ دوا نکال کر باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :ایک ایک گولی صبح، دو پہر اور شام شہد یا ماں کے دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں

## حب بلادر

### مقوی دماغ ہے۔ حافظہ کو قوی کرتا ہے

اجزاء : بلادر مدبر ۲۰ گرام

ترکیب تیاری: سفوف بنا کر کسی رابطہ کے ذریعہ نخودی گولی بنالیں

مقدار خوراک : ۲۔۲ گولی صبح و شام استعمال کرائیں

## حب جند

### اُم الصبیان میں بے حد مفید ہے۔ صرع اور فالج میں بھی کار آمد ہے

اجزاء : جند بید ستر۔ صعتر فارسی۔ زیرہ سیاہ ہم وزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر مونگ کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح و شام شیر مادر یا شیر گاؤ میں حل کر کے پلائیں۔

## حب شفا خاص

### دافع درد سر، تپ کنبہ اور نوبتی بخار میں کار آمد ہے

اجزاء : تخم جوزماثل ۳۰ گرام، ریوند چینی ۲۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، صمغ عربی ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر چنے کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں

## حب شفاء

### امراض حار میں مفید ہے

اجزاء : صبر زرد ۱۴۰گرام، فلفل سیاہ ۱۲۰گرام، اجوائن خراسانی ۲۰گرام، کافور ۲۰گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر لعاب گھیکوار کی مدد سے نخودی گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی بوقت ضرورت استعمال کرائیں

## حب مسکن

### دردسر اور درد بدن میں نافع ہے

اجزاء : اسطوخودوس ۱۰۰گرام، کشنیز خشک ۱۰۰گرام، برگ سداب ۱۲۰گرام، اسرول ۲۵گرام، فلفل سیاہ ۱۵گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں

مقدار خوراک : ایک سے دو عدد بوقت ضرورت استعمال کرائیں

## حب شقیقہ

### آدھے سر کے درد میں مفید ہے

اجزاء : برگ بادرنجبویہ ۱۰گرام، فلفل سیاہ ۱۰گرام، اسطوخودوس ۱۰گرام، کشتہ مرجا[ن] ۲گرا[م]

ترکیب تیاری : مذکورہ پہلی ۳ دواؤں کا سفوف بنالیں پھر سفوف [...]
کشتۂ مرجان ملائیں اور چنے کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : دو، دو گولی صبح و شام استعمال کرائیں

# حب نسیان

## مقوی دماغ ہے کند ذہن لوگوں کو فائدہ کرتی ہے

اجزاء : برہمی بوٹی شنکھ پشپی مرچ سیاہ کشتہ مرجان
۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام ۲گرام

ترکیب تیاری : کشتہ مرجان کے علاوہ تمام دواؤں کا سفوف بنالیں پھر کشتہ مرجان ملالیں۔ پھر کسی رابطہ کے ذریعہ نخودی گولی بنالیں

مقدار خوراک : دو، دو گولی صبح و شام

# حب صرع

## مرگی میں مفید ہے

اجزء : جند بید ستر۔ مشک خالص۔ عود صلیب۔ عود ہندی
(ہم وزن)

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر دار چینی کے پانی سے فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : بچوں کو نصف بڑوں کو ایک گولی دار چینی کے پانی سے دیں

# حب نزلہ

## نزلہ وزکام میں مفید ہے

اجزاء : فلفل سیاہ فلفل سفید اجوائن خراسانی
۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام
افیون زعفران عاقر قرحا
۵گرام ۲٫۱/۲گرام ۱گرام

دار چینی　　زنجبیل　　بالچھڑ
اگرام　　اگرام　　اگرام

ترکیب تیاری : افیون وزعفران کو چھوڑ کر بقیہ دواؤں کا سفوف بنالیں۔ افیون وزعفران کو عرق گلاب میں گھس کر سفوف میں ملائیں۔ بقدر نخود گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک یا دو گولی صبح وشام دیں

# سفوف صداع

درد سر میں مفید ہے

اجزاء : نوشادر　　شورہ　　گیرو
۲گرام　　۲گرام　　۲گرام

ترکیب تیاری : ۳ تا ۵ گرام صبح وشام استعمال کرائیں

# سفوف صداع مزمن

درد سر کہنہ اور شقیقہ کے لیے مفید ہے

اجزاء : پوست ہلیلہ زرد　　ریوند چینی　　سقمونیا
۱۰گرام　　۵گرام　　۵گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : دو گرام کی دن می دو خوراک دیں

# سفوف نزلہ بارد

نزلہ بارد میں مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | دار چینی | بادیان | تخم بالنگو |
| | ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۲۰گرام |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۲گرام صبح شام دیں

# سفوف نزلہ حار

نزلہ حار میں مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | بہی دانہ | کافور | شکر |
| | ۲۰۰گرام | ۱گرام | ۱۰۰گرام |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳گرام صبح وشام دیں

# سفوف مقوی دماغ

دماغ کو تقویت دیتا ہے

اجزاء : شاخ مرجان۔ کات سفید۔ ہیل خرد۔ برہمی۔ بادیان۔
کشنیز۔ مغز بادام۔ ہم وزن

ترکیب تیاری : بادام کے علاوہ تمام دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔
سفوف میں مغز بادام پیس کر ملائیں

مقدار خوراک : ۵گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں

# معجون نسیان

## نسیان میں فائدہ پہنچاتا ہے

اجزاء : کندر۔ وج ترکی۔ زنجبیل۔ سعد کوفی۔ فلفل سیاہ۔ ہموزن

ترکیب تیاری : تما دواؤں کو کوٹ کر چھان لیں۔ شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک : ۵ تا ۱۰ گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں

# سفوف نزلہ مزمن

## نزلہ مزمن میں فائدہ کرتا ہے

اجزاء : فلفل سیاہ۔ اسارون۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک ۳۰ گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں

نوٹ : اس کا جوشاندہ بھی استعمال کر سکتے ہیں

# امراض چشم

## حب سبز

### جملہ امراض چشم میں مفید ہے

اجزاء : سمندر جھاگ ۵ گرام پھٹکری ۵ گرام شورہ قلمی ۵ گرام نمک لاہوری ۵ گرام
نوشادر ۵ گرام طوطیا ۵ گرام ناخن فیل ۵ گرام گوند ببول ۱ گرام زعفران ۲ گرام

ترکیب تیاری : زعفران کے علاوہ جملہ دواؤں کو خوب باریک پیس لیں زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے سفوف میں ملا کر باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں

طریقہ استعمال : ایک ایک گولی عرق گلاب میں گھس کر آنکھ میں لگائیں

## سرمہ مقوی بصر

### ضعف بصر میں فائدہ بخش ہے

| اجزاء : | بادیان | سنگ سرمہ |
|---|---|---|
| | ۱۲۵گرام | ۱۲۵گرام |

ترکیب تیاری : پہلے سرمہ کو نیم کے تنے میں ایک شگاف لگا کر ایک ہفتہ تک رکھ دیں اور سونف کو ۲۵۰ گرام پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ نیم کے تنے سے نکالا ہوا سرمہ سفوف کر کے کھرل کریں

طریقہ استعمال : ایک سلائی سوتے وقت استعمال کرائیں

## جوشاندہ رمد

### آشوب چشم میں نافع ہے

| اجزاء : | گل منڈی | عناب | پوست ہلیلہ زرد |
|---|---|---|---|
| | ۵گرام | ۵عدد | ۳گرام |

ترکیب تیاری واستعمال : پانی میں جوش دے کر شکر ڈال کر پلائیں

## قطور رمد

آشوب چشم میں نافع ہے

اجزاء : شب یمانی شورہ قلمی عرق گلاب
۳ گرام ۳ گرام ۱۶۰ ایم ایل

ترکیب تیاری : دونوں کو باریک کر کے عرق گلاب میں حل کر کے روئی سے چھان لیں اور صاف شیشی میں محفوظ کر لیں

استعمال : دو، دو قطرے آنکھ میں ڈالیں

# امراض اذن انف حلق

## اذنی

وجع الاذن میں مفید ہے

اجزاء : اجوائن اسپند روغن بادام تلخ روغن کنجد
۱۰ گرام ۱۰ گرام ۲۰ گرام ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : اجوائن اور اسپند کو ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب ۵۰ گرام رہ جائے تو مل چھان کر اس پانی میں روغن کنجد اور روغن بادام تلخ شامل کر کے پکائیں اور جب پانی جل جائے اتار کر ٹھنڈا ہونے کے بعد شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت کان میں ۲۔ ۲ قطرے ڈالیں۔

3099

# دوائے بثور انف

## ناک کے بثور میں مستعمل ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزا | : | رسوت | روغن گل | عرق گلاب |
| | | ۲ گرام | ۱۵۰۰ ایم ایل | ۱۱۰ ایم ایل |

ترکیب تیاری : رسوت کو عرق گلاب میں حل کر کے روغن گل ملالیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ناک میں روئی کے پھائے سے لگائیں

# روغن وجع الاذن

## کان کے درد میں بے حد مفید ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء | : | اسپند | زنجبیل | سہاگہ |
| | | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو پانی میں پیس کر ۲۰۰ گرام سرسوں کے تیل میں جلائیں۔ جب دواؤں جل جائیں شیشی میں محفوظ کرلیں

ترکیب استعمال : قطرے بوقت ضرورت کان میں ڈالیں

# روغن ترب

## کان کے درد میں مفید ہے۔ کان کے بھاری پن اور کان کی ریح غلیظ کو دفع کرتا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء | : | روغن کنجد | تازہ مولی کا پانی |
| | | ۱۰۰ ایم ایل | ۳۰۰ ایم ایل |

ترکیب تیاری : دونوں کو ملا کر اتنا جوش دیں کہ پانی جل جائے۔ تیل کو شیشی میں محفوظ کر لیں

ترکیب استعمال : ۲یا۴ قطرے کان میں ٹپکائیں

## جوشاندہ رعاف

### نکسیر میں مفید ہے

| اجزاء : | گل منڈی | کشنیز خشک | عناب | مویز منقی |
|---|---|---|---|---|
| | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ عدد | ۷ عدد |

ترکیب تیاری : تمام اجزاء کو جوش دے کر مل چھان کر تیار کر لیں

ترکیب استعمال : صبح نہار منہ استعمال کرائیں

## حب آواز کشا

ہر قسم کے گلے پڑے ہوئے میں مفید ہے۔ دافع نزلہ وسعال ہے

| اجزاء : | رب السوس | صمغ عربی | لونگ | دانہ الائچی خرد |
|---|---|---|---|---|
| | ۳ گرام | ۲ گرام | ۶ گرام | ۳ گرام |
| | خولنجان | عاقر قرحا | اگر خام | چھڑیلہ |
| | ۶ گرام | ۳ گرام | ۶ گرام | ۳ گرام |
| | مرچ سیاہ | زعفران | ست پودینہ | |
| | ۳ گرام | ۶ گرام | ۱ گرام | |

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کو کوٹ پیس کر اور زعفران کو الگ عرق گلاب میں حل کر کے عرق بید مشک کی مدد سے حب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں دن میں دو تین بار

## دوائے استرخاء لہاۃ

اجزاء : مازو۔ گلنار۔ سہاگہ بریاں۔ ہم وزن پانی میں پیس کر پھائے سے لگائیں۔

## لسانی

لکنت میں مفید ہے

اجزاء : عاقر قرحا فلفل سیاہ
۳ گرام ۳ گرام

ترکیب تیاری : کوٹ پیس کر سفوف بنالیں
ترکیب استعمال : شہد کی مدد سے زبان پر لگائیں۔

# امراض فم ولسان

## ذرور قلاع

منہ کے چھالے میں مفید ہے

اجزا : شورہ۔ کتھہ سفید۔ چھوٹی الائچی۔ گل سرخ ہر ایک ۲ گرام
کافور طوطیا
اگرام ۵۰۰ ملی گرام

ترکیب تیاری : سفوف تیار کرلیں
طریقہ استعمال : بوقت ضرورت منہ میں چھڑکیں

## دوائے ورم لثہ

مسوڑھوں کے ورم میں مفید ہے

اجزاء : نوشادر۔ کافور ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت مسوڑھوں میں ملیں

## ایضاً

اجزاء : سہاگہ۔ مازو۔ کباب چینی ہم وزن

ترکیب تیاری : مذکورہ ادویہ کا سفوف بنالیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت مسوڑھوں پر ملیں

## مضمضہ ورم لثہ

مسوڑھے کے ورم کو دور کرتا ہے

اجزاء : طوطیاں سبز بریاں ۲ گرام، شب یمانی بریاں ۲ گرام، نمک طعام ۲ گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

ترکیب استعمال : نیم گرم پانی میں گھول کر مضمضہ کریں

# امراض دنداں

## سنون سرخ

دانتوں کے درد میں مفید۔ دانتوں سے خون بہنے کو روکتا ہے

اجزاء : شب یمانی بریاں ۲۰ گرام، چھوٹی ہڑ ۱۰ گرام، مرچ سیاہ ۳۰ گرام

نمک لاہوری ۵ گرام، گیرو ۵ گرام، عاقر قرحا ۲/۱ ۲ گرام، گل سوختہ ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : تمادواؤں کو کوٹ پیس کر چھان لیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں

## سنون دنداں

دانتوں کے امراض میں مفید ہے

اجزاء : قرنفل ۳ گرام، زنجبیل ۳ گرام، عاقر قرحا ۳ گرام، فلفل سیاہ ۳ گرام

نوشادر ۳ گرام، کافور ۱ گرام، افیون سوختہ ۲/۱ گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کا منجن بنالیں

ترکیب استعمال : صبح وشام منجن کی طرح استعمال کریں

## ایضاً

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | طوطیا بریاں | شب یمانی بریاں | دانہ الائچی خرد |
| | ۵ گرام | ۵ گرام | ۱۰ گرام |
| | لونگ | عاقر قرحا | پوست انار |
| | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |

ترکیب استعمال : مذکورہ سنون صبح اور رات سوتے وقت دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔ کچھ دیر بعد کلی کریں

## سنون مسکن دنداں

دانتوں کے درد کو تسکین دیتا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | نوشادر | کافور | افیون |
| | ۲۰ گرام | ۱۰ گرام | ۲ گرام |

ترکیب تیاری : باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر لیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت دانتوں پر لگائیں۔

# امراض ریہ

## اکسیر دمہ

ضیق النفس میں مفید ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | صبر | سم الفار | افیون | تخم بھنگ |
| | ۲۰ گرام | ۳ گرام | ۱۰ گرام | ۲۰ گرام |

| تخم جوز الماثل | شیر مدار | تمباکو خوردنی |
|---|---|---|
| ۲۰ گرام | ۱۰۰ گرام | ۵۰ گرام |

ترکیب تیاری : پہلے شیر مدار میں سم الفار کو کھرل کر کے دوسری دوائیں سفوف بنا کر شامل کریں اور کھرل کریں۔ جب شیر مدار جذب ہو جائے تخم دھتورا ار تخم بھنگ کے جوشاندہ میں مذکورہ دواء کو جذب کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی صبح وشام

## حب سرفہ

### سعال رطب ویابس دونوں میں مفید ہے

اجزاء : بانچی۔ صمغ عربی ہم وزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر چنے کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی دن میں ۴ بار چوسیں

## حب سعال

### کھانسی میں بے حد مفید ہے

اجزاء :

| سلارس (معہ سائلہ) | کندر | افیون |
|---|---|---|
| ۲۸ گرام | ۲۸ گرام | ۷ گرام |

| اصل السوس | گوند ببول |
|---|---|
| ۲۸ گرام | ۱۴ گرام |

ترکیب تیاری : سلارس کے علاوہ بقیہ دواؤں کا سفوف بنا کر سلارس ملائیں اور چنے کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی دن میں تین بار دیں

## دواء سعال و دمہ

اجزاء : ایک لمبا گھیکوار سجی کھار ۴۰ گرام

ترکیب تیاری : پہلے گھیکوار میں سجی کھار رکھ کر کپڑ وٹی کر کے آنچ دے دیں سرد ہونے پر سجی کھار نکال لیں اور سفوف کر لیں

مقدار خوراک : ۲۵۰ ملی گرام ہمراہ شہد استعمال کرائیں

## دوائے سعال یابس

### خشک کھانسی میں مفید ہے

اجزاء و استعمال : مغز بادام کوٹ کر شہد کے ساتھ تین بار دیں ۳ گرام

## دوائے ضیق النفس

اجزاء و طریقہ استعمال: تخم کتاں ۱۰ گرام، شہد ۲۵ گرام قدرے پانی میں ملا کر ابال کر چھان کر پلائیں۔

## دوائے شہیقہ

### کالی کھانسی میں مفید ہے

اجزاء : زنجبیل ۱۰ گرام کاکڑا سنگھی ۱۰ گرام پیپلا مول ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کو کوٹ پیس کر چھان لیں

مقدار خوراک : ۳ گرام شہد کے ساتھ تین بار دیں

# دواء ضیق النفس خاص

## دمہ میں مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | سم الفار | افیون | روغن بادام |
| | ۳ گرام | ۶ گرام | ۲۵ ملی لیٹر |

ترکیب تیاری : سم الفار پیس کر تھوڑے پانی میں افیون گھول کر تھوڑا تھوڑا روغن بادام ملاتے ہوئے سحق بلیغ کریں

مقدار خوراک : ایک سینک پان کے ساتھ دیں

# دواء دودھ والی

## دق اور پرانے بخار میں مفید ہے

اجزاء : فلفل سیاہ۔ ہیل خرد۔ طباشیر۔ بلادر مد برست گلو ہموزن

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کا کوٹ پیس کر سفوف بنالیں

طریقہ استعمال : ۲۵۰ ملی گرام سفوف کو ۱۲۵ ملی لیٹر بکری کے دودھ کے ساتھ صبح دیں۔ روزانہ دودھ کی مقدار ۲۵ ملی لیٹر بڑھاتے جائیں۔ اس طرح ۴۰ دن تک استعمال کرائیں۔ پھر دودھ کی مقدار ۲۵ ملی لیٹر ہر روز کم کرتے جائیں۔

# دوائے سرطان

## دق میں بے حد مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | سرطان نہری | مرچ سیاہ | شراب برانڈی |
| | ۵ عدد | ۵۰ گرام | ۲۰۰ ملی لیٹر |

ترکیب تیاری : کیکڑے کے ہاتھ پاؤں الگ کر کے مرچ سیاہ پیس کر ملا کر یخنی بنائیں۔ جب اچھی طرح گل جائے تو مل چھان کر شراب ملاتے جائیں اور گھونٹتے جائیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک ٹی اسپون صبح شام دیں۔

## سفوف شہیقہ

### کالی کھانسی میں مفید ہے

اجزاء : نوشادر۔ ست گلو۔ ہم وزن

ترکیب تیاری : الٹے توے پر لوہے کے دستے سے خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں

مقدار خوراک : ۲۵۰ ملی گرام صبح وشام بالائی سے دیں۔

# امراض قلب

## اختلاجی

### اختلاج قلب میں بے حد مفید ہے

اجزاء : طباشیر۔ تودری سفید۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ برگ گاؤزباں۔ ہیل خرد۔ گل سرخ۔ گل گاؤزباں۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ ورق نقرہ ۱۰ عدد

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر ورق نقرہ ملالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام سفوف شہد میں ملا کر عرق بادیان کے ساتھ دیں

## دواء المسک معتدل

ضعف قلب اور اختلاج میں مفید ہے مفرح قلب ہے

اجزاء : قرنفل۔ بہمن سفید و سرخ۔ صندل سرخ۔ دانہ الائچی خرد۔ بسد احمر۔ ہم وزن لیں

ترکیب تیاری : کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں

مقدار خوراک : ۵ گرام سفوف ہمراہ شہد دیں

## دوائے فشار الدم

امتلاء الدم اور فشار الدم قوی میں مفید ہے

اجزاء : برادہ صندل سفید۔ خس ہندی مقرص۔ گل سرخ۔ زہر مہرہ خطائی۔ گل سیوتی۔ کشنیز خشک۔ طباشیر۔ اسرول ہم وزن لیں

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ چھان لیں

مقدار خوراک : ۳ گرام سفوف شربت سیب یا شربت انار کے ساتھ صبح و شام دیں

## مفرح قلب

قلب کو فرحت پہنچاتا ہے۔ مقوی دماغ ہے اور تمام حار امراض میں مفید ہے

اجزاء :

| عرق گلاب | عرق کیوڑا | زرشک | لیموں | آب انار |
|---|---|---|---|---|
| ا لیٹر | ا لیٹر | ۱۰۰ گرام | ۱۲ عدد | ا لیٹر |

ترکیب تیاری : پہلے زرشک کو سادے پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔

پھر جملہ عروق ملائیں۔

مقدار خوراک : ۱۰ سے ۲۵ ملی لیٹر بقدر ضرورت شکر ملا کر پلائیں

## مفرح سادہ

گھبراہٹ اور اختلاج میں مفید ہے اور اتساع قلب میں کار آمد ہے

اجزاء : بادیان۔ برگ گاؤزباں۔ دار چینی۔ تیزپات۔ ہموزن لیں

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ایک گرام سے ۳ گرام صبح و شام ہمراہ شہد دیں

## مفرح خاص

مقوی و مفرح قلب ہے۔

اجزاء : کشنیز خشک۔ برگ گاؤزباں۔ طباشیر۔ صدف صادق۔ نارجیل دریائی۔ دانہ الائچی خرد ہم وزن لیں

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۱ تا ۳ گرام دودھ یا شہد کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

# امراض معدہ

## اکسیر معدہ

معدہ کے اکثر امراض میں مفید و مستعمل ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | زنجبیل | زیرہ سفید | زیرہ سیاہ | فلفل در |
| | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الائچی خرد | ست لیموں | فلفل سیاہ | انار دانہ |
| ۵ گرام | ۵ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| ست پودینہ | نمک لاہوری | مصری | |
| ۲ گرام | ۴۰ گرام | ۱۵۰ گرام | |

ترکیب تیاری : ست پودینہ اور ست لیموں کے علاوہ تمام ادویہ کو کوٹ پیس چھان کر ست پودینہ و ست لیموں باریک کر کے ملائیں

مقدار خوراک : ۳ گرام بعد غذا دیں

# تریاق حیات

## معدہ کے شدید درد میں مفید و مجرب ہے۔

اجزاء :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فلفل سرخ | مقل | رتن جوت | کافور | شراب برانڈی |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۷۰ گرام |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کا سفوف بنا کر شراب میں حل کر کے محفوظ کر لیں

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۵ بوند ایک کپ پانی میں ملا کر پلائیں

# جوشاندہ دافع قے

## متلی اور قے میں مفید ہے

اجزاء :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پوست ہلیلہ زرد | دانہ خشخاش | اصل السوس | بادیان | |
| ۳ گرام | ۳ گرام | ۳ گرام | ۳ گرام | |

ترکیب استعمال: ۱۰۰ ملی لیٹر پانی میں ابال کر چھان کر پلائیں۔

# ایضاً

اجزاء :

| | | |
|---|---|---|
| پوست کوکنار | منقی | ہلیلہ زرد |
| ۹ گرام | ۵ دانہ | ۴ گرام |

ترکیب تیاری واستعمال : جوشاندہ بنا کر پلائیں

# حب کرامت

معدہ کے امراض کے لیے انمول تحفہ ہے بارہا کا آزمودہ ہے۔ ضعف معدہ، بدہضمی آروغ ترشی معدہ، نفخ شکم میں نافع ہے۔

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| پوست ہلیلہ | پوست آملہ | پوست بلیلہ | ہیل خرد |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| زیرہ سفید | سہاگہ چوکیہ بریاں | نمک سیاہ | اجوائن دیسی |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| دانہ الائچی کلاں | زیرہ سیاہ | حلتیت | زنجبیل |
| ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ پیس چھان کر سفوف بنالیں اور عرق لیموں کی مدد سے نخود کلاں گولی بنالیں

مقدار خوراک : دو، دو۔ تین، تین گولی مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

# حب وجع الفواد

## معدہ و خم معدہ کے درد میں مفید ہے

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیش مدبر | اجوائن خراسانی | عاقرقرحا | پیپلامول |
| ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۳گرام | ۱۰گرام |
| دانہ الائچی خرد | مصطگی | حلتیت | زنجبیل |
| ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۱۰گرام |
| ست پودینہ | کافور | اجوائن دیسی | |
| ۱۰گرام | ۲گرام | ۱۰گرام | |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کا سفوف بنا کر آب کٹائی یا آب سہجنہ کی مدد سے بڑے مسور کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی بوقت ضرورت دیں

# حب ہاضم و مشتہی

## بھوک لگاتی ہے ہاضمہ درست کرتی ہے

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| فلفل سیاہ | فلفل دراز | نمک سیاہ | سہاگہ بریاں |
| ۲۰گرام | ۲۰گرام | ۲۰گرام | ۱۰گرام |

ترکیب تیاری : دواؤں کو کوٹ چھان کر ۱۰ عدد لیموں کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : دو سے چار عدد

## دوائے حموضت معدہ

ایسڈٹی کے لیے نافع ہے

اجزاء : بادیان۔انیسون ۔ پودینہ خشک۔ ساذج ہندی۔ ہیل مسلم خرد ۔ زرشک ۔ پوست آملہ ۔ پوست بیرون پستہ۔ ست گلو۔ کشنیز خشک ہم وزن

ترکیب تیاری : حسب معمول سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح وشام یابعد غذادیں

## دوائے فواق

ہچکی میں مفید ہے

اجزاء : بڑی الاچی ۱۰ گرام، پانی ۵۰۰ گرام

ترکیب تیاری : الاچی کچل کر پانی میں اتنا جوش دیں کہ نصف رہ جائے ٹھنڈا کر کے پلادیں

## دوائے مشتہی

بھوک بڑھاتی ہے کاسر ریاح ہے، تیزابیت میں مفید ہے

اجزاء : جواکھار ۵ گرام، نمک لاہوری ۵ گرام، زنجبیل ۲۰ گرام، سوڈاخوردنی ۴۰ گرام

ترکیب تیاری : کوٹ پیس کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح وشام یابعد غذادیں

## دوائے معدہ

معدہ کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ مزاج کے اعتبار سے استعمال کرائیں۔ ورم طحال مزمن اور قولنج ریحی میں مفید ہے۔

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| لعاب گھیکوار | عرق ادرک | سرکہ | گڑ |
| ۱۵۰۰ گرام | ۵۰۰ گرام | ۵۰۰ گرام | ۵۰۰ گرام |
| شہد | سہاگہ بریاں | پھٹکری بریاں | |
| ۵۰۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | |
| جواکھار | زنجبیل | | |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | | |

ترکیب تیاری : شہد، گڑ، عرق ادرک اور لعاب گھیکوار کو پہلے اچھی طرح ملائیں پھر دیگر دوائیں پیس کر ملا دیں اور بوتل میں رکھ کرے دن تک دھوپ میں رکھیں

مقدار خوراک : چار چار چمچہ صبح وشام دیں (20ml)

## سفوف شکم

محلل ریاح ہے۔ غذا خوب ہضم کرتا ہے

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| نمک طعام | فلفل سیاہ | فلفل سفید | زنجبیل |
| ۵۰۰ گرام | ۱۰۰ گرام | ۱۰۰ گرام | ۱۰۰ گرام |
| نوشادر | پودینہ خشک | تخم کرفس | انیسون |
| ۱۰۰ گرام | ۱۰۰ گرام | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام |

نانخواہ      سنبل الطیب

۵۰ گرام      ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : نوشادر، نمک طعام الگ اچھی طرح پیس لیں اور پھر دیگر کٹی چھٹی دواؤں میں ملالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام دن میں دو یا تین بار دیں

# سفوف ہاضم

## معدہ و جگر کے لیے مفید ہے

اجزاء : کاسنی۔مکو۔ برنجاسف۔تخم کثوث۔نمک سیاہ۔ بادیان۔ نوشادر۔ نمک لاہوری (ہم وزن)

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح و شام یا بعد غذا

# سفوف معدہ خاص

## درد و ورم معدہ و امعاء نفخ شکم بدہضمی میں بارہا کا آزمودہ ہے

اجزاء :

| | | | |
|---|---|---|---|
| بادیان | صعتر فارسی | زنجبیل | برگ سداب |
| ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام |
| ریوند چینی | جواکھار | نوشادر | حلتیت |
| ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۲۵ گرام |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام سے ۵ گرام

# ایضاً

## مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | اجوائن | بادیان | زیرہ سفید | ہلیلہ |
| | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام |
| | بلیلہ | آملہ | نمک لاہوری | نمک سیاہ |
| | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام |
| | جواکھار | فلفل سیاہ | الائچی کلاں | زنجبیل |
| | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| | فلفل دراز | سوڈا | نوشادر | |
| | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | |

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام بعد غذا دیں

# جوشاندہ قے

## متلی اور ابکائی میں بھی مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | بادیان | دانہ الائچی کلاں | پودینہ خشک |
| | ۳ گرام | ۳ گرام | ۳ گرام |

ترکیب تیاری : حسب دستور جوشاندہ بنائیں

استعمال : بوقت ضرورت پلائیں

# ایضاً

اجزاء : عرق پیاز۔ عرق پودینہ۔ عرق ادرک۔ عرق لیموں۔ سوڈا خوردنی، ہموزن لیں

ترکیب تیاری : تمام عرقیات باہم ملاکر سوڈا گھول کر ایک شیشی میں محفوظ کرلیں

استعمال : ایک کپ پانی میں ایک چمچ یہ عرق ڈال کر بوقت ضرورت پلائیں

# سفوف تبخیر

## تبخیر معدہ کے لیے مفید ہے

اجزاء : بادیان، کشنیز، دانہ ہیل خرد، طباشیر، زیرہ سفید (ہموزن) مصری دوچند

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام

# سفوف بخرالفم

## معدہ کی خرابی سے منہ میں جو بدبو پیدا ہوتی ہے اس میں مفید ہے

اجزاء : بادیان۔ نرکچور۔ دانہ الائچی خرد۔ زیرہ سفید ہر ایک ۱۰ گرام۔ شکر ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : حسب معمول سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح وشام دیں

# سفوف ہاضم وملین

اجزاء : ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، زیرہ سفید، بادیان، نمک سیاہ، سناء مکی ،ہرایک ۱۰گرام۔ زنجبیل ۵ گرام

ترکیب تیاری : پہلے ترپھلہ کے پاوڈر کو روغن بادام یا روغن گاؤ میں چرب کرلیں۔ پھر بقیہ دواؤں کا سفوف ملالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام بوقت خواب ہمراہ آب نیم گرم دیں

# لفاحی

## حموضت معدہ، زخم معدہ وامعاء میں مفید ہے

| | | |
|---|---|---|
| اجزاء : | برگ لفاح | شکر |
| | ایک گرام | ۱۰۰ گرام |

ترکیب تیاری : باہم ملاکر سحق بلیغ کریں

مقدار خوراک : ۲۰۰ ملی گرام پانی سے صبح وشام دیں

# مفرح احمدی

## زخم معدہ وامعاء نیز تیزابیت کے لیے مفید ہے

اجزاء : برادہ صندل، کشنیز خشک، گل سرخ، طباشیر (ہم وزن)

ترکیب تیاری : پہلے طباشیر کو باریک کرلیں۔ بعد میں دیگر دوائیں سفوف کرکے ملالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح وشام شہد سے استعمال کرائیں

# محلول خاص

معدہ و جگر کی اصلاح کرتا ہے۔ کاسر ریاح و مشتہی ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء | : | تیزاب گندھک | نوشادر | عرق ادرک |
| | | ۱۵ ایم ایل | ۱۰ گرام | ۳ گرام |
| | | ست پودینہ | ست اجوائن | ست لیموں |
| | | ۲ گرام | ۳ گرام | ۳ گرام |

ترکیب تیاری : نوشادر کو پیس کر ایک چینی کے پیالی میں رکھ کر اس پر تیزاب گندھک ڈال دیں۔ ۲ روز تک اسی طرح رکھ دیں۔ اس کے بعد ست پودینہ، ست اجوائن، ست لیموں، عرق ادرک ملا کر ایک شیشی میں محفوظ کر لیں

مقدار خوراک : ۲ یا ۳ قطرے ایک کپ پانی میں ملا کر پلائیں

# امراض امعاء

## اسہالی

دست، مروڑ میں بے حد مفید اور مجرب ہے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اجزاء | : | شنگرف | قرنفل | افیون | موچرس | شکر |
| | | ۵ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۲۰ گرام |

ترکیب تیاری : سحق بلیغ کر کے سفوف تیار کر لیں

مقدار خوراک : ۲ رتی صبح شام دیں

# اکسیر قولنج

آنت کے شدید درد میں مفید ہے

اجزاء : ہیل خرد، خرفہ، تربد مجوف، تیزپات، فلفل دراز، زنجبیل، باؤبڑنگ، آملہ خشک، قرنفل، سقمونیا (ہر ایک ۲۰ گرام) تخم کرفس، سنبل الطیب، زعفران، مصطگی (ہر ایک ۵ گرام)

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بناکر، شہد دو چند ملاکر معجون بنائیں

مقدار خوراک : ۳ تا ۵ گرام صبح و شام استعمال کرائیں

# حب حلتیت

درد امعاء و شکم میں مفید ہے۔
غلیظ ریاح کو دفع کر کے درد کو دور کرتی ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | مقل | مصطگی | سہاگہ بریاں | حلتیت خالص |
| | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : لعاب گھیکوار کی مدد سے نخودی گولی بنالیں

مقدار خوراک : ۲ سے ۳ گولی بوقت ضرورت استعمال کرائیں

# حب قولنج

اجزاء : ست پودینہ، حلتیت خالص، مقل (ہموزن)

ترکیب تیاری : آب ادرک میں بقدر نخود گولی بنالیں اور سائے میں

خشک کریں

مقدار خوراک : ۲یا۳ گولی عرق بادیان کے ساتھ دورے کے وقت دیں

## حب دیدان

### دیدان امعاء میں مفید ہے

اجزاء : کمیلہ، باؤ نرنگ، برگ نیم تازہ، پلاس پاپڑہ، زیرہ سفید، افسنتین (ہموزن)

ترکیب تیاری : پانی یا شہد کی مدد سے ایک گرام کی گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک یا دو گولی حسب ضرورت صبح وشام استعمال کرائیں

## حب بواسیر بادی

اجزاء : رسوت، مقل، مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن، درمنہ ترکی (ہموزن)

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں (بقدر نخود کلاں)

مقدار خوراک : ۲ گولی صبح وشام استعمال کرائیں

## حب بواسیر خونی

اجزاء : رسوت، مغز تخم نیم (۲۰ گرام) مغز تخم بکائن (۱۰ گرام) کہربا شمعی (۱۰ گرام) ہلیلہ سیاہ (۱۰ گرام)

ترکیب تیاری : حسب دستور تمام دواؤں کا سفوف بنالیں۔ روغن بادام وعرق گلاب کی مدد سے مٹر کے برابر حبوب بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ گرلی صبح وشام استعمال کرائیں

# حب بواسیرین

یہ حبوب بادی اور خونی بواسیر میں مفید ہے

اجزاء : پوست ریٹھا، رسوت، ریوند چینی، کات سفید (ہموزن)

ترکیب تیاری: سفوف کر کے کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : ۲ گولی صبح وشام

# حب اسہال

دست آؤں اور خونی پیچش کے لیے تیر بہدف ہے

اجزاء : شنگرف، سہاگہ بریاں، افیون، مصطگی، (ہموزن)

ترکیب تیاری : افیون کو عرق گلاب میں حل کر کے بقیہ دوائیں سفوف کر کے مونگ کے برابر گولیاں بالیں

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام دیں

# حب زحیر

اجزاء : اجوائن دیسی بریاں، پوست ہلیلہ زرد بریاں، زیرہ سفید بریاں (ہر ایک ۶۰ گرام) کو کنار ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنا کر پانی کی مدد سے بقدر نخود حبوب بنالیں

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ گولی بوقت ضرورت استعمال کرائیں

# سفوف اسہال و سنگر ہنی

## ہر قسم کے اسہال میں مفید ہے

اجزاء : کشتہ سنکھ کشتہ مرجان کشتہ عقیق

۳ گرام ۳ گرام ۳ گرام

فلفل دراز ہلیلہ زرد

۱۰ گرام ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : پہلے دونوں دواؤں کا سفوف کرلیں۔ بعد میں تینوں کشتوں کو باہم یکجان کر کے سفوف میں ملادیں

مقدار خوراک : ایک گرام صبح و شام استعمال کرائیں

# سفوف ذیابیطس

اجزاء : گڑمار بوٹی مغز خستہ جامن گل نیم سبز

۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

ستگلو آملہ خشک طباشیر مصطگی رومی

۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

کشتہ بیضہ مرغ کندر افیون

ایک گرام ۵ گرام ۴ گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو الگ الگ کوٹ کر چھان لیں۔ بعد میں افیون اور کشتہ بیضہ مرغ ملائیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام ہمراہ آب تازہ

# حب ذیا بیطس

اجزاء :

| | | |
|---|---|---|
| افیون | زعفران | مغز خستہ جامن |
| ایک گرام | ایک گرام | ۵ گرام |
| گڑمار بوٹی | ست گلو | کندر | مصطگی |
| ۵ گرام | ۳ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو الگ الگ کر کے باریک کر کے ملالیں۔ بعد میں زعفران اور افیون کو عرق گلاب میں حل کر کے ملالیں۔پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک : دو،دو گولی صبح شام دیں

# اکسیر ذیابیطس

## ذیابیطس شکری میں بے حد مفید ہے

اجزاء :

| | | |
|---|---|---|
| گڑمار بوٹی | مغز خستہ جامن | فلفل سیاہ |
| ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۲۵ گرام |

ترکیب تیاری : الگ الگ کوٹ پیس کر چھان کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح شام پانی کے ساتھ پلائیں

# سفوف ذیابیطس خاص

بانقراس اور جگر کے افعال کی اصلاح کر کے شکری استحالہ کو درست رکھتا ہے

اجزاء : کاسنی ۱۰۰گرام کلونجی ۵۰گرام حلبہ ۵۰گرام

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنا

مقدار خوراک : ۳گرام صبح شام ہمراہ آب تازہ

## ایضاً

اجزاء : گڑمار بوٹی ۱۰گرام مغز خستہ جامن ۱۰گرام کندر ۱۰گرام آملہ خشک ۱۰گرام

مازو سبز ۱۰گرام کشتہ بیضہ مرغ ایک گرام کشتہ زمرد ایک گرام

ترکیب تیاری : پہلے پانچوں دواؤں کا سفوف تیار کر لیں بعد میں دونوں کشتہ جات ملائیں

مقدار خوراک : ۳ سے ۵گرام صبح شام

# جوشاندہ ذیابیطس

مذکورہ دوا کھلا کر ذیل جوشاندہ دیں

اجزاء : گڑمار بوٹی ۵گرام آملہ خشک ۵گرام مغز جامن ۵گرام

گل نیم سبز — ۵ گرام
برگ جامن سبز — ۵ گرام

ترکیب تیاری : کچھ دیر تازہ پانی (۱۵۰ ملی لیٹر) میں بھگو کر جوشاندہ تیار کر کے پلائیں

# امراض کبد و مرارہ

## اکسیر جگر

ضعف جگر اور ورم جگر میں بے حد مفید و مجرب ہے

اجزاء : ریوند چینی — ۱۰ گرام، نوشادر — ۱۰ گرام، افسنتین — ۱۰ گرام، قلمی شورہ — ۲۰ گرام

ترکیب تیاری : پہلے نوشادر اور شورہ کو ایک ساتھ باریک کر لیں بعد میں ریوند چینی اور افسنتین سفوف کیا ہوا ملا دیں

مقدار خوراک : ایک گرام صبح و شام دیں

## حب اسہال کبدی

جگر کی خرابی سے ہونے والے اسہال میں مفید ہے

اجزاء : سہاگہ بریاں — ۳ گرام، شنگرف — ۵ گرام، افیون — ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : قدرے عرق گلاب میں افیون کو گھول لیں۔ دیگر ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر شہد کی مدد سے باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی صبح وشام

## حب یرقان

اجزاء : تربد سفید۔ ریوند چینی۔ شورہ قلمی۔ نوشادر (ہر ایک دس گرام) کشتہ خبث الحدید ۵ گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر بڑے مٹر کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح وشام

## دواء استسقاء

### جملہ اقسام کے استسقاء میں مفید ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | سم الفار سفید | تمباکو | کملیہ | شیر مدار |
| | ایک گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | بقدر ضرورت |

ترکیب تیاری : تینوں دواؤں کو باریک سفوف کر کے باہم ملا کر شیر مدار میں کھرل کر کے بقدر نخود گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک گرلی روزانہ دیں

نوٹ : ایک دست یا ایک قے ہو گی جس سے پانی خارج ہو گا۔

3099

# دواءذاج

یرقان اسود وابیض میں مفید ہے۔ مسکن دماغ ہے

اجزاء : شب یمانی ۱۰گرام

ترکیب تیاری : شب یمانی کو بریاں کر کے سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۲رتی

# دواءسنگ مرارہ

اجزاء : شب یمانی قلمی شورہ املی کا گودا

۱۰گرام ۱۰گرام ۴۰گرام

ترکیب تیاری : پہلی دونوں دواؤں کو باریک کر کے املی کے گودہ میں کوٹ کرایک چھوٹی ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کر کے تیار کرلیں

مقدار خوراک : نصف گرام صبح وشام دیں ۔ بوقت خواب روغن زیتون ۲ تولہ دودھ میں ملاکردیں

نوٹ : حصاۃ گردہ ومثانہ کے لیے جو دوائیں استعمال ہوتی ہیں، وہ سنگ مرارہ میں بھی مفید ہیں۔

# امراض طحال

## اکسیر طحال

ضعف وورم طحال میں مفید ہے

اجزاء : رائی سہاگہ بریاں نوشادر

۲۰ گرام ۱۰ گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری : پہلے تینوں دواؤں کو الگ الگ سفوف کر کے باہم ملالیں

مقدار خوراک : ایک سے ۳ گرام تک صبح وشام دیں

## ضماد طحال

بڑھی ہوئی تلی کے لیے یہ ضماد بہت مفید ہے

اجزاء : مقل، کندر، انزروت ہموزن

ترکیب تیاری واستعمال: تینوں دواؤں کو سرکہ کہنہ میں کھرل کر کے کسی موٹے کپڑے پر لگا کر بڑھی ہوئی تلی پر چپکاں دیں

# امراض گردہ ومثانہ

## اندری جلاب

ورم گردہ ومثانہ وادرار بول میں بے حد مفید ہے

اجزاء : شورہ قلمی ، ریوند چینی ،جواکھار ۷۔ گرام ۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ شکر ۳۰ گرام

ترکیب تیاری : شکر کے علاوہ پہلے تمام دواؤں کا سفوف کرلیں پھر شکر باریک کر کے ملالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام گائے یا بکری کے دودھ کی کچی لسی کے ساتھ استعمال کرائیں

# اکسیر مدر بول

## پیشاب آور ہے

| | | |
|---|---|---|
| اجزاء : | شورہ | خردل بنارسی |
| | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام |

ترکیب تیاری : دونوں کو الگ الگ سحق کر کے ملالیں

مقدار خوراک : ۱۰ گرام صبح وشام پانی سے دیں

# اکسیر حصاۃ

## گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کرتا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | شب یمانی | ہڑتال ورقی | حجر الیہود |
| | ۲۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کو پیس کر کوزہ میں گل حکمت کر کے کوئلوں کی آگ پر ۳ بار رکھیں۔ ہر بار دھواں نکلے گا۔ تیسری بار دھواں نکلنے پر کوزہ اتار کر دواء نکال لیں اور سفوف بنا کر محفوظ کرلیں

مقدار خوراک : ایک رتی صبح وشام

# حب کلیہ

ورم کلیہ اور استسقاء لحمی میں مفید ہے۔

اجزاء : شیرۂ پنبہ دانہ ریوند چینی
۱۰۰ گرام ۲۰ گرام

ترکیب تیاری : ریوند چینی کا پاؤڈر کر کے شیرہ کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : دو، دو عدد صبح وشام

# حب وجع کلیہ

درد گردے کے وقت مفید ہے

اجزاء : موم خالص ورق نقرہ

ترکیب تیاری : بقدر مٹر موم لے کر گولی بنا کر ورق سے ملفوف کر دیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی بوقت ضرورت دیں اگر پندرہ بیس منٹ میں درد بند نہ ہو تو دوسری گولی انشاءاللہ درد بند ہو جائے گا

# سفوف ضعف گردہ

اجزاء : سپاری چکنی بہمن سرخ بہمن سفید موچرس
۱۰۰ گرام ۵۰ گرام ۵۰ گرام ۱۰۰ گرام
عاقر قرحا ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ سے ۵ گرام صبح وشام

# سفوف حصاۃ

گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتا ہے

اجزاء : حجرالیہود، سنگ سرماہی، حب القلت، نمک ترب (ہموزن)

# ایضاً

یہ بھی مفتت حصاۃ گردہ و مثانہ ہے

اجزاء : حجرالیہود ۵ گرام، سنگ سرماہی ۵ گرام، طباشیر ۲۰ گرام

برگ گاؤزباں ۱۰ گرام، خارخسک خرد ۴۰ گرام

ترکیب تیاری : طباشیر کو الگ پیس کر بقیہ دواء کے سفوف میں ملائیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام شربت آلو بالو کے ساتھ دیں

# سفوف مدر بول

پیشاب آور ہے تقطیر بول و احتباس بول میں مفید ہے

اجزاء : شورہ، جوا کھار، نوشادر ہموزن

رکیب تیاری : الگ الگ باریک پاؤڈر کر کے باہم ملا کر محفوظ کرلیں

مقدار خوراک : ۲ سے ۳ گرام شربت بزوری معتدل کے ساتھ دیں

# نطول نقص فعل کلیہ

اجزاء : گل ٹیسو ۴ گرام، مکو ۴ گرام، گل بابونہ ۴ گرام، ناخونہ ۴ گرام، نمک لاہوری ۴ گرام

ترکیب تیاری واستعمال: جوشاندہ بنا کر نطول کریں یا آبزن کرائیں

## دوائے مقوی گردہ

گردے کو مقوی کر کے ادرار بول کرتی ہے

اجزاء : بکرے کے گردے ۲عدد، تخم قرطم ۵ گرام، تخم خیارین ۵ گرام، تخم کرفس ۵ گرام
تخم انیسون ۵ گرام، حب القلت ۵ گرام، خار خسک خرد ۵ گرام، کاکنج ۵ گرام

ترکیب تیاری واستعمال: دواؤں کے ساتھ یخنی بنا کر پلائیں

## اکسیر سوزاک

اجزاء : رسکپور ۱۰گرام، کافور ۱۰گرام، شراب برانڈی بقدر ضرورت

ترکیب تیاری : دونوں دواؤں کو شراب برانڈی میں کھرل کر کے حسب دستور جوہر حاصل کر لیں

مقدار خوراک : ایک رتی مکھن یا بالائی کے ساتھ استعمال کریں

## حب سوزاک

قرحہ مجرای بول میں بے حد مفید ہے

اجزاء : کباب چینی ۲۵گرام، شورہ قلمی ۵ گرام، کات سفید ۵ گرام، ست بہروزہ ۵ گرام
زیرہ سفید ۵ گرام، دانہ الائچی خورد ۵ گرام، مغز کنول گٹہ ۵ گرام

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کی ۹ خوراک بنالیں
طریقہ استعمال : ایک ایک خوراک صبح شام کچی لسی کے ساتھ استعمال کرائیں

# سفوف سوزاک

## سوزاک اور سوزش بول میں مفید ہے

اجزاء : رال سفید، مازو، شورہ قلمی، حب کاکنج، تخم بلیون، خار خسک خرد، دم الاخوئین، سنگ جراحت، کباب چینی، دانہ ہیل کلاں ہموزن

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں
مقدار خوراک : ۳ گرام صبح شام پانی سے دیں

## ایضاً

اجزاء : دار چینی، چوب چینی، ریوند چینی، بیخ کنیر، بیخ بادیان، سلاجیت، ست بہروزہ، صندل سفید، ہڑ، بہڑہ، آملہ، جواکھار، شورہ، ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں
مقدار خوراک : ۳ تا ۵ گرام صبح شام

## ایضاً

اجزاء : ست بہروزہ، چوب زرد ہموزن
ترکیب تیاری : سفوف بنالیں
مقدار خوراک : ۳ گرام صبح شام

## ایضاً

اجزاء : کباب چینی، شورہ قلمی، دانہ ہیل خرد، ست بہروزہ، صندل ہم وزن

ترکیب تیاری : الگ الگ دواؤں کو باریک کر کے باہم ملالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام

## جوشاندہ سوزاک

اجزاء : تخم کاسنی، تخم خیارین، خار خسک خرد، خار خسک کلاں، مغز تخم تربوز، برادہ صندل سفید۔ ہموزن

ترکیب تیاری : جوشاندہ بناکر مذکورہ سفوف کے ساتھ دیں

نوٹ : روغن بلسان، روغن صندل، روغن بہروزہ میں سے کسی کے بھی ۵ قطرے بتاشے میں ڈال کر کھلانا سوزاک کی جلن اور زخم میں مفید ہے۔

# امراض مخصوصہ مرداں

## جوارش سلیمانی

### مقوی باہ ہے

اجزاء : اندرجو شیریں، تخم پیاز، تخم کنوانچ، دار چینی، عاقر قرحا، تخم اٹنگن ہموزن

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کا سفوف بناکر زردی بیضہ مرغ نیم برشت،

داخل کر کے شہد یا شکر کے قوام میں جوارش بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام دیں

## حب مقوی

### ضعف باہ میں مفید ہے

اجزاء : جاوتری، دانہ الائچی خرد، جوز بوا، بہمن سفید، خولنجان، تودری سرخ، دار چینی، قرنفل، ہر ایک ۱۰ گرام۔ اندر جو شیریں، موصلی سیاہ، تخم پیاز ۲۰ گرام۔ زعفران ۴ گرام

ترکیب تیاری : زعفران کے علاوہ جملہ دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ اور عرق گلاب میں زعفران گھول کر سفوف میں ملا کر ورق نقرہ کا اضافہ کر کے حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک : ۲ گولی صبح شام دودھ کے ہمراہ

## حب مقوی باہ خاص

اجزاء :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کشتہ طلاء | مشک | عنبر | جند بید ستر | زعفران |
| ۱ گرام | ۱ گرام | ۱ گرام | ۱ گرام | ۱ گرام |
| سلاجیت | دار چینی | جاوتری | جائفل | لونگ |
| ۲۰ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : آخری ۴ دواؤں کا سفوف تیار کرلیں بعد میں دیگر دواؤں کو ملا کر فلفل سیاہ یا مونگ کے برابر حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک عدد صبح ہمراہ شیر

# حب ضعف باہ

اجزاء : ست سلاجیت کشتہ قلعی کشتہ بیضہ مرغ
۵۰ گرام ۲۵ گرام ۲۵ گرام
جند بیدستر کشمش عاقر قرحا زعفران
۲۵ گرام ۵۰ گرام ۵۰ گرام ۱۲ گرام
اذاراقی مدبر قرنفل جائفل دار چینی
۳ گرام ۲۵ گرام ۲۵ گرام ۲۵ گرام

ترکیب تیاری : پہلے ٹھوس دواؤں کا سفوف بنالیں پھر دیگر دوائیں ملالیں پھر کشمش میں کھرل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنالیں

مقدار خوراک : صبح شام ایک گولی ہمراہ شیر

# حب سلاجیت

اجزاء : بہمن سرخ سلاجیت صمغ عربی کشتہ قلعی
۵۰ گرام ۵۰ گرام ۲۵ گرام ۲۰ گرام
کشتہ بیضہ مرغ کشتہ خبث الحدید
۲۰ گرام ۲۰ گرام

ترکیب تیاری : پہلے تینوں دواؤں کا سفوف کر کے کشتہ جات ملالیں اور چنے کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر

# حب خاص

اجزاء : زعفران جوزبوا بسباسہ سم الفار کشمش
۳ گرام ۳ گرام ۳ گرام ۲۰۰ ملی گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری : زعفران اور سم الفار، عرق گلاب میں حل کر کے سفوف میں ملائیں اور کشمش ملا کر گولیاں بنالیں حب بقدر مسور

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر

# ایضاً

اجزاء : حلتیت زعفران جند بیدستر
۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری : مذکورہ دواؤں کا سفوف کر کے آب لہسن کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

# حب مقوی ممسک

اجزاء : قرنفل جائفل عاقرقرحا افیون
۶ گرام ۶ گرام ۳ گرام ۶ گرام

کشتہ فولاد زعفران مشک جوہر سم الفار
۶ گرام ۶ گرام ا گرام ا گرام

ترکیب تیاری : مذکورہ تینوں دواؤں کو پیس کر افیون و زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے کشتہ فولاد مشک اور جوہر سم الفار، سحق بلیغ کر کے مذکورہ دواؤں میں ملا کر حب بقدر مسور بنالیں۔

مقدار خوراک :ایک گولی بوقت خواب دودھ سے دیں

# سفوف مقوی باہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | چکنی سپاری | کات سفید | الائچی خرد | جند بید ستر |
| | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام | ۱۰ گرام |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

ترکیب استعمال: ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام پان میں رکھ کر آہستہ آہستہ چوسیں

# طلاء احمر

## مقوی اعصاب ہے عضو خاص کی لاغری اور کجی میں مفید ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | شنگرف | مغز حب السلاطین | موم سفید |
| | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۱۰ گرام |

ترکیب تیاری : پہلے موم کو گائے کے گھی میں پگھلا کر دونوں دوائیں باریک کر کے ملائیں اور سحق بلیغ کریں۔ یہاں تک کہ مرہم کی طرح ہو جائے

ترکیب استعمال: ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک حشفہ اور سیون چھوڑ کر لگائیں۔

# حب ممسک

## سرعت انزال میں مفید ہے

اجزاء : شنگرف، عاقر قرحا، کافور ،افیون ، ثعلب مصری، زعفران۔ ہر ایک ۳ گرام، جند بید ستر ایک گرام۔

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : مباشرت سے ۱/۲ گھنٹہ قبل ایک گولی حسب برداشت دودھ کے ساتھ دیں

## ایضاً

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | سم الفار | افیون | صمغ عربی | تخم جوزماثل |
| | نصف گرام | ۲ گرام | نصف گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : ادویہ کو سحق بلیغ کر کے مسور کے برابر حب بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی ماشرت سے ایک گھنٹہ قبل حسب برداشت دودھ کے ساتھ دیں

## حب معاون

### مقوی اور ممسک ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | فلفل سیاہ | اجوائن دیسی | کچلہ مدبر | افیون |
| | ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۱۰گرام | ۲۰گرام |

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بناکر مناسب رابطہ سے گولی بنالیں۔ حب بقدر مسور

مقدار خوراک واستعمال : ایک گولی مباشرت سے ۱/۲ گھنٹہ قبل دودھ سے استعمال کریں۔

# احتلامی

## کثرت احتلام میں مفید ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | کیترا | خار خسک خرد | کشنیز خشک | دانہ الائچی خرد |
| | ۲۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| | مازو | اسپغول | شکر | |
| | ۱۰ گرام | ۶۰ گرام | ۱۲۰ گرام | |

ترکیب تیاری : اسپغول اور شکر کے علاوہ بقیہ دواؤں کا سفوف بنا کر شکر باریک کر کے ملالیں اور پھر اسپغول ملادیں۔

مقدار خوراک : ۱۰ گرام صبح شام

# اکسیر جریان

## احتلام و جریان منی میں مفید ہے

اجزاء : تخم تال مکھانہ، ست گلو، بہی دانہ، الائچی خرد، ست سلاجیت، اصل السوس، پکھان بید، طباشیر، کشتہ قلعی ہموزن۔ شکر ہموزن ہمہ ادویہ

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام

# اکسیر جلالی

## جریان، احتلام و سرعت کے لیے مفید ہے

اجزاء : صمغ ڈھاک، تج قلمی، تخم تالمکھانہ، بیخ بند، سمندر سوکھ، موصلی سفید، خار خسک کلاں۔ ہموزن

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام۔ ہمراہ شیر شیریں

# اکسیر احتلام

اجزاء : تخم خشخاش، کشنیز، کوکنار، موصلی سفید، نشاستہ گندم، ہرایک ۲۰ گرام۔ کشتہ قلعی، صمغ عربی ہرایک ۱۰ گرام شکر ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام ہمراہ شیر گاؤ

# اکسیر احتلام جدید

زود حسی اور احتلام کے لیے نعمت ہے

اجزاء : اجوائن دیسی ۱۰ گرام، بیج بند ۲۰ گرام، پوٹاشیم برومائڈ ۲۰ گرام، کشنیز خشک ۴۰ گرام، اصل السوس ۴۰ گرام

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۲ گرام صبح شام

# سفوف جریان

جریان واحتلام میں مفید ہے

اجزاء : بیج بند، تالمکھانہ، سپستاں، اندر جو شیریں، خار خسک خرد، ہیل خرد۔ ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام

## جریانی

جریان واحتلام میں مفید ہے۔ منی کے قوام کو صحیح کرتا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اجزاء | : | افیون | اندرجو شیریں | الائچی خرد | شنگرف |
| | | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام | ۵ گرام |

ترکیب تیاری : ایک ناریل میں ۵ گھنٹہ رکھ کر نکال لیں

مقدار خوراک : ۲رتی صبح شام

## دوائے جریان منی

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء | : | ستارو | سنگ جراحت |
| | | ۵۰ گرام | ۵۰ گرام |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام

## سفوف مغلظ منی

رقت سرعت واحتلام میں مفید ہے

اجزاء : مازو، آرد سنگھاڑا، تالمکھانہ، ثعلب پنجہ، صمغ عربی ہموزن

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام ہمراہ شیر

# سفوف مغلظ خاص

**اجزاء** : سنگھاڑا خشک، تخم اٹنگن، ثعلب پنجہ، موصلی سفید، تخم کنوانچ، ہموزن

**ترکیب تیاری** : کوٹ پیس چھان کر سفوف بنالیں

**مقدار خوراک** : ۵ گرام صبح شام

# سفوف مسکن و مغلظ منی

**اجزاء** :

| تخم تالمکھانہ | تخم کاہو | موچرس | مصطگی |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۰۰ گرام | ۱۰۰ گرام | ۵۰ گرام | ۲۰ گرام |

**ترکیب تیاری** : حسب دستور سفوف بنالیں

**مقدار خوراک** : ۵ گرام صبح شام دودھ کے ہمراہ

# سفوف ثعلب

## مغلظ و مولد منی

**اجزا** : ثعلب، موصلی سیاہ، موصلی سفید، شقاقل، تخم تالمکھانہ، بیج بند، صمغ ڈھاک، تخم تمر ہندی، گل پستہ، پھلی، ببول، گل ببول، تخم اٹنگن، مائیں خرد، مائیں کلاں، تودری سرخ، بہمن سفید، مصطگی، ہموزن قند سفید ہموزن ادویہ۔

**ترکیب تیاری** : سفوف تیار کرلیں۔

**مقدار خوراک** : ۵ یا ۱۰ گرام صبح ہمراہ شیر

# دوائے اصلاح منی

اجزاء : تخم گندر ۲۰۰ گرام، خار خسک کلاں ۲۰۰ گرام، بہی دانہ ۲۰۰ گرام
ستاور ۲۰۰ گرام، جند بید ستر ۲۰ گرام، ثعلب پنجہ ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : جند بید ستر کے علاوہ بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ پھر جند بید ستر کا سفوف کر کے ملائیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام دودھ یا شہد کے ہمراہ

# مولد منی

اجزاء : خرما ایک عدد، مغز بادام ۳ عدد، ثعلب مصری ۵ گرام، پنبہ دانہ ۵ گرام

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۱۰ گرام ہمراہ عسل صبح شام

# امراض نسواں

## تعلیق ثدیین

### ثدیین کی خوبصورتی کے لیے مفید ہے

اجزاء : پوست بکائن ۲۰ گرام، جدوار ۱۰ گرام

ترکیب استعمال : ضماد استعمال کریں۔

# جوشاندہ مدر حیض

## احتباس حیض میں مفید ہے

اجزاء : ابہل مشکطرامشیع بیخ اذخر بیخ بادیان

۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

بیخ کرفس تخم گنذر خار خسک خرد

۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری : تازہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔

طریقہ استعمال : ۲ تولہ شربت بزوری اس جوشاندہ میں ملاکر پلائیں

# حب پرسوت

## حمی نفاسی میں مفید ہے

اجزاء : ازاراقی مدبر قرنفل شنگرف بیش مدبر زعفران

۳ گرام ۶ گرام ۳ گرام ۲ گرام ۳ گرام

ترکیب تیاری : عرق بادیان میں حب بقدر مونگ بنالیں

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح شام

# حب اسقاط منذرہ

## جن عورتوں کو اسقاط کی عادت ہوتی ہے ان کے لیے مفید ہے

اجزاء : رسوت گندھک زرد

۲۵ گرام ۲۵ گرام

ترکیب تیاری : دونوں دواؤں کو الگ الگ پیس کر باہم ملاکر نخودی گولیاں بنالیں

مقدار وترکیب استعمال: دائمی اسقاط ہو جانے کی صورت میں ۴۰ دن تک کھلائی۔ حمل قرار پانے کے بعد ۳ ماہ تک ایک ایک گولی صبح شام دیں۔ دوبارہ سات ماہ بعد ایک ایک گولی صبح دیں۔ انشاءاللہ اسقاط نہیں ہو گا۔

## حب نسواں

### عسر طمث، خرابی حیض اور تاخیر حیض میں مفید ہے

اجزاء : مرمکی صبر اجوائن خراسانی ہیرا کسیس تنکار خام
۵۰ گرام ۵۰ گرام ۱۵ گرام ۲۵ گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنا لیں

مقدار خوراک : دو، دو گولی صبح شام

## حب محافظ جنین

اجزاء : قلب الحجر سنگجراحت مشک خالص
۲۰ گرام ۲۰ گرام ۳ گرام
زعفران کشتہ مرجان
۲ گرام ۲ گرام

ترکیب تیاری : سنگجراحت اور قلب الحجر کو سفوف بنالیں بعد میں تینوں دواؤں کو کھرل کر کے ملا کر حب بقدر نخود بنا لیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

# دوائے مستورات

سیلان الرحم، جریان الدم، سوزش بول اور اختناق الرحم میں مفید ہے

اجزاء : طباشیر دانہ الائچی کلاں دم الاخوین سمندر سوکھ
۴۰گرام ۲۰گرام ۴۰گرام ۲۰گرام
کشتہ مرجان کشتہ فولاد کشتہ سنکھ
۱۰گرام ۱۰گرام ۳گرام

ترکیب تیاری : کشتہ جات کے علاوہ بقیہ دواؤں کو الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملا کر کشتہ جات ملا کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ایک گرام شیر گاؤ کے ساتھ دیں صبح شام

# دواء سیلان الرحم

سیلان خواہ کسی بھی وجہ سے ہو مفید ہے۔
نیز اسقاط یا بچہ پیدا ہو کر مر جانے میں مفید ہے

اجزاء : گل سپاری گل پستہ صمغ ڈھاک اسگندنا گوری
۴۰گرام ۴۰گرام ۴۰گرام ۲۰گرام
اندر جو شیریں کشتہ قلعی کشتہ عقیق کشتہ مرجان
۲۰گرام ۳گرام ۳گرام ۲گرام

ترکیب تیاری : پہلے ٹھوس دواؤں کا سفوف بنالیں بعد میں کشتہ جات اچھی طرح ملائیں

مقدار خوراک : ۳گرام صبح شام ہمراہ شیر

# دواء محلل ورم رحم

اجزاء : بابودانہ، خطمی، مکو۱۰گرام۔ تخم کناں، نمک لاہوری ۵ گرام

ترکیب تیاری واستعمال: مذکورہ ادویہ کا سفوف بناکر مکو سبز کے بھرتہ میں ملاکر گلیسرین میں لت پت کر کے اندام نہانی میں رکھا جائے

# جوشاندہ ورم رحم

اجزاء : مکو، بادیان، خار خسک خرد، تخم خربزہ ہر ایک ۵ گرام

ترکیب تیاری و استعمال: ۲۰۰ ملی لیٹر میں ابال کر چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ ملاکر معجون دبید الورود ۵ گرام کے ساتھ صبح دیں

# دواء مانع حمل

اجزاء : مرمکی نوشادر

۱۰گرام ۱۰گرام

ترکیب تیاری : باریک سفوف بنالیں اور نصف گرام کی گولی بنالیں

ترکیب استعمال: شروع ایام سے ختم ایام تک روزانہ صبح شام پانی سے ایک ایک گولی دیں

# دواء عسر طمث

ماہواری سے قبل پیڑو، کمر اور رانوں میں شدید درد ہوتا ہے
ایسے موقع پر مفید ہے

اجزاء : حلتیت خالص گڑ
۵۰۰ ملی گرام ۵ گرام

ترکیب تیاری و استعمال: یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے دونوں ادویہ ملا کر ماہواری کے دنوں میں روزانہ صبح ۵ دن دیں

# دواء خاص

سیلان واستحاضہ میں مفید ہے

اجزاء : صمغ عربی، موچرس، دم الاخوین، آرد سنگھاڑا، آرد نخود بریاں، ہر ایک ۱۰ گرام کشتہ قلعی ۵ گرام

ترکیب تیاری : دواؤں کو سفوف کر کے کشتہ قلعی ملا لیں

مقدار خوراک : ۳ گرام صبح شام ہمراہ شیر دیں

# سیلانی

مختلف اقسام کے سیلان الرحم میں مفید ہے

اجزاء : کشتہ مرجان، کشتہ قلعی، کشتہ صدف، کشتہ خبث الحدید ہر ایک ۵ گرام، صمغ ڈھاک ۵۰ گرام۔ موچرس ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : صمغ ڈھاک اور موچرس کا سفوف بنالیں پھر کشتہ جات ملا لیں

مقدار خوراک : ۲ گرام صبح شام ہمراہ شیر دیں

# سیلان الرحم

اجزاء : تج، مجیٹھ، گل پستہ، خار خسک خرد، صمغ ڈھاک، ستاور، موچرس، تال مکھانہ، موصلی سیاہ، تخم خرفہ، ست گلو، طباشیر، دانہ خشخاش سفید، صمغ عربی، ثعلب پنجہ، صمغ کیترا، بیج بند، تخم اٹنگن، برادہ صندل سفید، کشتہ قلعی ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر شہد کے قوام میں ملا کر معجون تیار کر لیں

مقدار خوراک : ۵ تا ۱۰ اگرام صبح شام دودھ سے

# سفوف مولد شیر

## دودھ نہ آنے کی صورت میں مفید ہے

اجزاء : ستاور، تودری زرد، بادیان، شکر ہموزن

ترکیب تیاری : پہلے تینوں دواؤں کا سفوف کر لیں۔ پھر شکر پیس کر ملا لیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام ہمراہ شیر

# ایضاً

اجزاء : تخم گذر، تخم پیاز، تخم سویا، تخم شلجم، زیرہ سفید، بادیان، ستاور، اسگند، دانہ ہیل خرد، ہموزن۔ شکر ہموزن ہمہ ادویہ

ترکیب تیاری : حسب دستور سفوف بنا لیں

مقدار خوراک : ۱۰ اگرام صبح شام ہمراہ شیر

## ضماد ثدیین

دودھ جم جانے، ورم اور گانڈھ بن جانے کی صورت میں مفید ہے

اجزاء : تخم حلبہ، تخم کتاں، بابونہ، تخم خطمی، ہموزن

ترکیب استعمال: مذکورہ دواؤں کو پیس کر روغن بابونہ میں ملا کر بطور ضماد استعمال کریں۔

# امراض اطفال

## دوائے کساح

سوکھا روگ میں مفید ہے بچوں کی ہڈیوں کی پرورش کرنے میں بے حد مفید ہے

اجزاء : فلفل سیاہ گوند ببول زعفران بالیدہٗ ببول

۱۰گرام ۵گرام ۲گرام ۲۰گرام

ترکیب تیاری : زعفران کے علاوہ بقیہ دواؤں کا سفوف بنالیں بعد میں زعفران عرق گلاب میں گھس کر ملا کر مونگ کے برابر گولی بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی ہمراہ شیر مادر صبح شام دیں

# سفوف اطفال

## بچوں کے اکثر امراض میں مفید و مجرب ہے

اجزاء : حلتیت کتھ سفید مرچ سفید افیون برگ نیم
۱۰گرام ۱۵گرام ۵ گرام ۵ گرام ۲۲عدد

ترکیب تیاری : آب باراں میں سحق بلیغ کر کے حب بقدر مونگ بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی شیر مادر میں دیں

# حب اسہال اطفال

## بچوں کے دست میں مفید ہے

اجزاء : نرکچور زہر مہرہ صمغ عربی
۱۰گرام ۴گرام ۴گرام

ترکیب تیاری : خوب باریک سفوف کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی دن میں دوبار یا تین بار دیں

# حب ڈبہ اطفال

## بچوں کی پسلی چلنے میں مفید ہے

اجزاء : عصارہ ٔریوند صبر مصطگی زعفران
۱۰گرام ۱۰گرام ۵ گرام ۱گرام

ترکیب تیاری : زعفران کے علاوہ دواؤں کو پہلے باریک کر ملالیں پھر زعفران عرق گاؤزباں حل کر کے ملاکر مونگ کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی ماں کے دودھ میں دیں۔

## حب ذات الریہ وذات الجنب

بار بار سردی ہونے، پسلی یا نمونیا ہونے یں مفید آزمودہ ہے۔ بچوں کو دمہ ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔ دیکھئے دوائے کزرز

# امراض اعصاب ومفاصل

## اکسیر ازاراقی

ضعف اعصاب لقوہ اور فالج میں مفید ہے

اجزاء : کچلہ مدبر ایک گرام، شکر ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری : کچلہ مدبر میں تھوڑی تھوڑی شکر ملاتے جائیں۔ کھرل کرتے جائیں حتی کہ ایک جان ہو جائے

مقدار خوراک : ۲۵۰ ملی گرام صبح شام

## الاسد

امراض بلغمیہ میں بے حد مفید ہے۔

خدری کیفیت اور تشنج میں آزمودہ ہے

اجزاء : سورنجان تلخ ۱۰۰ گرام، فرفیون ۲۰ گرام

ترکیب تیاری: بہت باریک سفوف کرلیں
مقدار خوراک: ۲۵۰ ملی گرام ہمراہ گھی

## اکسیر مومیائی

### ورم دماغ اور پشت کی درد و چمک میں مفید ہے

اجزاء : شب یمانی شنگرف
۲۵ گرام ۲۵ گرام

ترکیب تیاری: توے پر رکھ کر ہلکی سی آنچ دے کر بریاں کرتے ہوئے ہاون دستہ سے باریک کرتے رہیں یہاں تک کہ اچھی طرح بریاں ہو کر ہلکی سرخ سرمئی رنگ کی ہو جائے۔

مقدار خوراک: ۲۵۰ ملی گرام ہمراہ شیر صبح شام

## اوجاعی

### نقرس اور وجع المفاصل میں مفید ہے

اجزاء : بیش مدبر کچلہ مدبر فلفل دراز
۲۰ گرام ۲۰ گرام ۱۰۰ گرام
فلفل سیاہ حلتیت مقل
۱۰۰ گرام ۱۰۰ گرام ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری: در آب ادرک حب نخودی بنالیں
مقدار خوراک: دو، دو عدد صبح شام

# اعصابی

## مقوی اعصاب اور اعصابی درد وچمک کے لیے مفید ہے۔

اجزاء : ازاراقی مدبر فلفل سیاہ مغزبادام
۱۰گرام ۲۵گرام ۵۰گرام

ترکیب تیاری : پہلے ازاراقی اور فلفل سیاہ کا سفوف بنالیں بعد میں مغز بادام میں پیس کر مونگ کے برابر گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

# سفوف اوجاع

## نقرس عرق النساء اور وجع المفاصل میں مفید ہے

اجزاء : اسگند اسپند سورنجان بوزیدان چوب چینی
۳۰گرام ۳۰گرام ۳۰گرام ۳۰گرام ۳۰گرام

ترکیب تیاری : الگ الگ دوائیں کوٹ پیس کر باہم ملا کر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : تین گرام شہد سے ملا کر صبح شام دیں

# حب اوجاع

## درد بدن اور وجع المفاصل میں مفید ہے

اجزاء : سورنجان تلخ بیش مدبر اینٹی فیبرین سوڈا یسلی سلاس
۲۰گرام ۵گرام ۲۰گرام ۴۰گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو الگ الگ کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنالیں
مقدار خوراک : دو عدد صبح شام

## حب ازاراقی

### مقوی اعصاب ہے، لقوہ فالج میں مفید ہے

اجزاء : 

| | | |
|---|---|---|
| کچلہ مدبر | دار چینی | عاقر قرحا |
| ۲۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |
| جائفل | قرنفل | عود صلیب |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام |

ترکیب تیاری : سفوف کر کے عرق اجوائن کی مدد سے گولی بنالیں
مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

## حب الغراب

### فالج لقوہ میں بے حد مفید ہے، کمر گردہ اور استخوان کو مضبوط کرتا ہے جسمانی قوت کو بڑھاتا ہے۔

اجزاء : فلفل سیاہ، فلفل سفید، دار چینی، چوب چینی، کباب چینی، جائفل، مصطگی، قرنفل، عود ہندی، سعد ہندی آملہ، بالچھڑ، الائچی خرد، موصلی سفید، تودری سرخ، اجوائن دیسی، بادیان، برگ گاؤزباں، ہموزن۔ کچلہ مدبر نصف ہمہ ادویہ

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر کچلہ ملا کر سفوف تیار کر لیں۔
مقدار خوراک : ایک گرام شہد کے ساتھ صبح شام دیں

# معجون اعصابی

لقوہ فالج میں مفید ہے

اجزاء : ابہل زنجبیل وج ترکی شہد
۵۰ گرام ۵۰ گرام ۵۰ گرام ۲۰۰ گرام

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شام

# روغن فرفیون

وجع اعصاب نقرس عرق النساء وجع مفاصل
پولیو لقوہ اور فالج میں مفید و مجرب ہے

اجزاء : فرفیون لہسن مسلّم
۳ گرام ۱ عدد

ترکیب تیاری : پہلے سرسوں کے تیل میں تمام لہسن کو صاف کر کے جلالیا جائے کڑھائی اتار کر فرفیون ڈال کر پھر آگ پر رکھ کر فرفیون بھی جلالیں۔ پھر صاف کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت تیل کی مالش کریں

# روغن وجع المفاصل

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | اجوائن خراسانی | گل مدار | زنجبیل |
| | ۲۵ گرام | ۲۵ گرام | ۲۵ گرام |
| | سورنجان تلخ | تل کا تیل | |
| | ۲۵ گرام | ۳۰۰ گرام | |

ترکیب تیاری : پہلے چاروں دواؤں کو قدرے کوٹ لیں پھر تیل میں ڈال کر اتنا جوش دیں کہ دوائیں جل جائیں۔ پھر چھان کر بوتل میں محفوظ کرلیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں

# امراض متعدیہ، جلدیہ، قروح وجروح

## اکسیر جذام

اجزاء : دارچکنہ، رسکپور، سیماب، سم الفار، ہڑتال ورقی، گندھک آملہ سار، نوشادر ہر ایک دس گرام۔ شیر مدار ۵۰ گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو یکجان کر کے شیر مدار میں کھرل کر کے تانبے کی دو پیالیوں میں بند کر کے بالو جنتر کے ذریعہ ۱۲ کلو اپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک : نصف رتی

# معجون جذام

اجزاء : ہلیلہ سیاہ بیخ چیستہ فلفل سیاہ بیش مدبر

۲۰گرام ۲۰گرام ۱۰گرام ۵گرام

ترکیب تیاری : باریک پیس کر گھی میں چرب کریں اور شہد میں معجون بنالیں

مقدار خوراک : ۵گرام صبح شام

# بہق ابیض

اجزاء : بابچی، گلنار، تخم ترب، نرکچور، مجیٹھ ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر سر کہ میں ملا کر داغوں پر لگائیں

# سفوف برص

سفید داغوں کے لیے بے حد مفید و مجرب ہے

اجزاء : نیواڑ، بابچی ہموزن

ترکیب استعمال : ۵گرام سفوف ۱۲۵ملی میٹر پانی میں رات میں بھگودیں صبح چھان کر پلائیں اور ثفل داغوں پر لگائیں

# دوائے بہق ابیض

اجزاء : گل منڈی سمندر سوکھ

۵۰گرام ۲۵گرام

ترکیب تیاری : الگ الگ کوٹ کو سفوف تیار کرلیں

مقدار خوراک : ۵گرام گھی سے صبح شام دیں

# جوشاندہ مصفی

## جلدی بیماریوں میں مفید ہے

اجزاء : گل سرخ، چرائتہ، شاہترہ، سر بھوکہ، گل منڈی، ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ۵ گرام

ترکیب تیاری : ابال کر چھان کر شربت عناب یا شربت مصفی کے ساتھ پلائیں

# جوشاندہ شریٰ

## پتّی اچھلنے میں مفید ہے

اجزاء : برادہ صندل سرخ عناب بادیان گل منڈی منقی
۳ گرام ۵ عدد ۵ گرام ۵ گرام ۹ دانہ

ترکیب تیاری : ابال کر چھان کر ب شری کے ساتھ دیں

# حب شریٰ

اجزاء : زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، گیرو۔ ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر حب نخودی بنالیں

مقدار خوراک : دو۔ دو گولی صبح شام

# حب مصفی

## مصفی ہاضم و مشتہی

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | زنجبیل | فلفل سیاہ | نمک طعام |
| | ۱۰ گرام | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام |
| | فلفل دراز | گندھک آملہ سار | |
| | ۳۰ گرام | ۵۰ گرام | |

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر عرق لیموں کی مدد سے حب بقدر مغز کنار دشتی بنالیں

مقدار خوراک : دو گولی صبح شام یا بعد غذا

# طلاء شریٰ

اجزاء : صبر، مرمکی، بورہ ارمنی۔ ہموزن

ترکیب تیاری و استعمال: سفوف بنا کر سرکہ اور شہد میں ملا کر لگائیں

# دوائے ثبور لبنیہ

## مہانسوں کے لیے مفید ہے

اجزاء : سعد کوفی، کف دریا، تخم کاسنی، گل نیلوفر

ترکیب تیاری و استعمال: سفوف بنا کر عرق گلاب میں ملا کر چہرے پر لگائیں

# سفوف مہانسہ

اجزاء : پوست خربوزہ، مونگ دال، بیسن ہموزن

ترکیب تیاری واستعمال: دہی میں ملا کر چہرے پر لگائی

# دوائے اکوتہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | پارہ محلول | گندھک آملہ سار | کافور خالص |
| | ۶گرام | ۳گرام | ۶گرام |
| | کات سفید | رسکپور | مردار سنگ |
| | ۶گرام | ۱۰گرام | ۶گرام |

ترکیب تیاری : گرفتہ باریک نمودہ در آب برگ حنا سبز سائیدہ وائسلین افزردہ نگہدارند

مقدار واستعمال: حسب ضرورت لے کر مقام ماؤف پر لگائیں

نوٹ : مذکورہ دواؤں کے ساتھ دیگر مصفیات خون مثلاً شربت مصفی اطریفل معجون مصفی اور عرق مصفیات دیں

# اکسیر الدم ہمایونی

## مندمل زخم اور جریان دم میں مفید و مجرب ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اجزاء : | سرمہ | شب یمانی | کتھہ سفید | دم الاخوین |
| | ۳گرام | ۳گرام | ۳گرام | ۶گرام |

سنگجراحت کہرباء شمعی کیترا صدف صادق

۳گرام ۱۵گرام ۶گرام ۱۵گرام

اقاقیا صمغ عربی

۱۵گرام ۶گرام

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو الگ الگ کوٹ پیس کر ملالیں

مقدار خوراک : اگرام صبح شام

# دوائے زرنیخ

ثبورات، خارش کھجلی اور قروح میں مفید ہے

اجزاء : ہڑتال ورقی سوڈا خوردنی

۵گرام ۵۰گرام

ترکیب تیاری : سحق بلیغ کر کے سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ایک گرام صبح شام

# حمیات

## اکسیر بخار

ملیریا اور جملہ بخار میں نافع ہے

اجزاء : طباشیر کرنجوہ زہر مہرہ دانہ ہیل خرد ست گلو

۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام

ترکیب تیاری : الگ الگ باریک کوٹ پیس چھان کر سفوف تیار کرلیں

مقدار خوراک : نصف گرام سے ایک گرام تک صبح شام

# جوشاندہ حمیٰ

## جملہ بخار میں مفید ہے

اجزاء : عناب برگ گاؤزبان خاکسی
۵عدد ۵گرام ۵گرام

تیاری واستعمال: ابال کر چھان کر پلائیں

# حب بخار

## ملیریائی بخار کے لیے مفید و مجرب ہے

اجزاء : طباشیر دانہ الائچی کلاں ست گلو کونین سلفیٹ
۱۰گرام ۱۰گرام ۱۰گرام ۳گرام

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کا سفوف بنا کر صمغ عربی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں

مقدار خوراک : ۲عدد صبح شام

# حب بخار

اجزاء : شنگرف، بیش مدبر، سہاگہ بریاں، پیپل ہموزن

ترکیب تیاری : پہلے شنگرف کو عرق لیموں کی مدد سے کھرل کریں پھر بقیہ دوائیں ملا کر آب ادرک کی مدد سے گولی بنالیں

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

# حب ملیریا

اجزاء : کونین سلفیٹ، ست گلو۔ کرنجوہ۔ ہموزن

ترکیب تیاری : الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملالیں اور حب بقدر نخود بنالیں
خوراک : ایک ایک گولی صبح شام

## حب بخار صفراوی

اجزاء : برگ بھنگ کافور
۵ گرام ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : دونوں دواؤں کو باریک پیس کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں
مقدار خوراک : ایک گولی لرزہ سے پہلے دیں

## دوائے ملیریا

اجزاء : برگ سبز تلسی فلفل سیاہ
۲۰ گرام ۱۰ گرام

ترکیب تیاری : یکجان کر کے فلفل سیاہ کے برابر گولی بنالیں
مقدار خوراک : ایک ایک گولی بخار لرزہ سے قبل دیں

# مشترک النفع نسخہ جات

## اکسیر بدن

معدہ امعاء دل و جگر و مثانہ کے درد و ورم میں مفید ہے

اجزاء : قرنفل جوز ساذج ہندی دار چینی
۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام ۵ گرام

| | | | |
|---|---|---|---|
| فلفل دراز | زنجبیل | زیرہ سیاہ | ہلیلہ |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۷۰ گرام | ۸۰ گرام |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بلیلہ | آملہ | اجوائن دیسی | کلونجی | اسپند |
| ۱۸۰ گرام | ۸۰ گرام | ۸۰ گرام | ۱۵۰ گرام | ۲۰۰ گرام |

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۳ سے ۵ گرام شہد یا پانی سے صبح شام

## ایضاً

فالج، لقوہ، سرسام، پرسوت، اختناق الرحم، قولنج ریحی، ضعف جگر، شوءالقنیہ، استسقاء، آتشک، وجع المفاصل میں مفید ہے

اجزاء :

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فلفل سیاہ | فلفل دراز | زنجبیل | بیش مدبر | شنگرف |
| ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۳۰ گرام | ۲۰ گرام |

ترکیب تیاری : جملہ دواؤں کو الگ الگ خوب باریک کر کے باہم ملا کر مزید سحق بلیغ کریں حتی کہ مثل سرمہ ہو جائے

مقدار خوراک : ایک رتی سے دو رتی ہمراہ پان کھائیں

## تریاق اعظم

درد سر، درد دندان، درد گوش، درد پہلو، حشرات الارض کے کاٹنے پر اور ہیضہ، اسہال، سؤ ہضم، درد معدہ وامعاء، نفخ شکم، وجع الفواد، درد جگر، قولنج، ریحی، متلی قے، دور کرنے کے لیے مفید و مجرب ہے

3099



اجزاء : کافور ست پودینہ ست اجوائن

۶۰ گرام ۶۰ گرام ۳۰ گرام

ترکیب تیاری : تینوں اجزاء کو ایک شیشی میں محفوظ کرلیں

ترکیب استعمال : داخلی طور پر: ۵ بوند پانی میں ملا کر پلائیں۔

خارجی طور پر: چند قطرے مقام ماؤف پر لگائیں

# جوہری

## مقوی و مسمن بدن و مقوی باہ

اجزاء : زعفران ، مشک ، مروارید ، ورق طلاء ، ورق نقرہ ، آبریشم خام ، سلاجیت ، جوہر لوبان ، (ہموزن)

ترکیب تیاری : حب بقدر مونگ بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی صبح شام دودھ کے ساتھ

# جوارش مفرح

## تمام اعضاء رئیسہ کے لیے مقوی ہے

اجزاء : موصلی سیاہ ، تخم تالمکھانہ ، جائفل ، جاوتری ، قرنفل ، عاقرقرحا ، خولنجان ، ناریل ، دارچینی ، اجوائن خراسانی ، مرچ سیاہ ، الائچی خرد و کلاں ، (ہر ایک ۱۰ گرام)

مغز بادام ، مغز بلادر مدبر ، زعفران ، مغز پستہ ، موچرس ، ناگر موتھا (ہر ایک ۵ گرام)

**ترکیب تیاری :** دواؤں کو الگ الگ کوٹ پیس کر چھان کر شہد کی مدد سے حسب دستور جوارش بنالیں۔

**مقدار خوراک :** ۵ گرام صبح شام دودھ کے ہمراہ

# معجون اسراری

## مقوی اعضاء رئیسہ

**اجزاء :**

| | | | |
|---|---|---|---|
| پوست ہلیلہ | پوست آملہ | پوست بلیلہ | فلفل سیاہ |
| ۳۰ گرام | ۳۰ گرام | ۱۵ گرام | ۱۵ گرام |
| فلفل سفید | اصل السوس | نمک لاہوری | طباشیر |
| ۱۵ گرام | ۴۰ گرام | ۱۰ گرام | ۵۰ گرام |
| کشتہ فولاد | شکر | | |
| ۷۰ گرام | ۱۵۰ گرام | | |

**ترکیب تیاری :** تمام دواوں کا حب دستور سفوف بنالیں۔ بعد میں کشتہ فولاد اچھی طرح ملالیں اور حسب دستور معجون بنالیں

**مقدار خوراک :** ۵ گرام دودھ سے

# زعفرانی

## مقوی اعضاء رئیسہ

**اجزاء :** زعفران، عود خام، قرنفل، خولنجان، زنجبیل، دانہ الائچی خرد، مصطگی، سنبل الطیب، بسباسہ، عاقر قرحا (ہر ایک ۱۰ گرام) مغز بادام ۵ دانہ، شکر ۸۰ گرام

ترکیب تیاری : شکر کا قوام بنا کر تمام دواؤں ں کا سفوف کر کے ملالیں اور بادام کو شامل کر کے زعفران کو عرق کیوڑا میں حل کر کے ملالیں

مقدار خوراک : ۳ تا ۵ گرام

## سفوف کثیر الفوائد

مقوی دماغ و مقوی معدہ ہے، پیٹ کی سختی کو دور کرتا ہے۔ آنکھ سے آنسو جانے کو روکتا ہے۔ مقوی بصر ہے درد سر اور تبخیر کو دور کرتا ہے۔ منوم ہے۔ منہ کے بدبو کو دور کرتا ہے۔ درد گردہ میں نافع ہے۔

اجزاء : کشنیز خشک ۵۰۰ گرام۔ جو ۲۴ گھنٹہ سرکہ میں ترکیا ہوا ہو۔ دار چینی، اصل السوس، بادیان۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ (ہر ایک ۲۰ گرام) مصری ۲۵۰ گرام

ترکیب تیاری : تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر مصری باریک کر کے ملا کر سفوف تیار کر لیں

مقدار خوراک : ۱۰ گرام

# شربت کثیر الفوائد

مشتہی، مقوی اعصاب، مقوی معدہ و جگر اور مصفی خون ہے

اجزاء : عرق شاہترہ شہد

۱۰۰ ایم ایل ۱۰۰ ایم ایل

ترکیب تیاری : باہم ملا کر شربت کا قوام بنا لیں

مقدار خوراک : ایک تولہ

# عرق کافور

ہر قسم کے بخار میں مفید ہے۔ حفظ ماتقدم کے لیے تمام وبائی امراض ۔ہیضہ وطاؤن میں مناسب دواؤں کے ساتھ دیں۔ مقوی اعصاب و مقوی قلب ہے

اجزاء : آب سادہ کافور

۵۰۰ ایم ایل ۵ گرام

ترکیب تیاری : کافور کو کپڑے میں باندھ کر بوتل میں ڈال دیں۔ جب استعمال سے پانی کم ہوتا جائے پانی کا اضافہ کرتے جائیں

مقدار خوراک : ایک تا ۴ اونس (500ml)

# متفرقات

## سفوف مہزل

### موٹاپے کو دور کرتا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجزاء : | بادیان | زیرہ سیاہ | لک مغسول |
| | ۲۰ گرام | ۲۰ گرام | ۴۰ گرام |
| | مرزنجوش | بورہ ارمنی | |
| | ۵ گرام | ۵ گرام | |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح شاپانی سے دیں

## ضماد فوطہ

### ورم خصیہ کے لیے مفید ہے

اجزا : موم، مصطگی ۱۰ گرام روغن کنجد ۲۵ ملی لیٹر

ترکیب تیاری : موم کو توے پر گرم کر کے تیل ملادیں بعد میں کھرل کی ہوئی مصطگی چٹکی چٹکی ملا کر ضماد تیار کرلیں

ترکیب استعمال: تمباکو یا ارنڈ کے پتے پر لگا کر باندھ دیا جائے

## سفوف فیل پا

اجزاء : بسکھپرا بوٹی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔ پوست بلیلہ۔ فلفل دراز (ہم وزن)

ترکیب تیاری : سفوف تیار کرلیں

مقدار خوراک : ۱۰ گرام شہد سے دیں

## ضماد فیل پا

اجزاء : زنجبیل۔ بسکھپرا بوٹی۔ رائی۔ ہموزن

ترکیب تیاری : سفوف بنا کر بول بقر کے ساتھ ملا کر لیپ کریں

# نسخہ جات غلبۂ اخلاط

## نقوع امتلاع دموی

| اجزاء : | تمر ہندی | عناب | سکنجبین |
|---|---|---|---|
| | ۲۵ گرام | ۱۰ عدد | ۲۵ ملی لیٹر |

ترکیب تیاری و استعمال: پہلے دونوں دواؤں کا نقوع تیار کر کے سکنجبین ملا کر پلائیں

## سفوف امتلاع دموی

| اجزاء : | آملہ خشک | کشنیز خشک | گل نیلوفر | شکر |
|---|---|---|---|---|
| | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۱۰ گرام | ۲۵ گرام |

ترکیب تیاری : سفوف بنالیں
مقدار خوراک : ۵ تا ۷ گرام

# جوشاندہ غلبۂ صفراء

اجزاء : پوست ہلیلہ گل نیلوفر شیر خشت
۱۰ گرام ۱۰ گرام ۲۵ گرام

ترکیب تیاری : دونوں دواوں کو پانی میں جوش دے کر شیر خشت ملا کر پلائیں

# ایضاً

اجزاء : مکو خشک۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ تخم خطمی۔ تخم کاسنی۔
ہر ایک ۵ گرام عناب ۵۰ گرام۔ آلو بخارا ۵ عدد

ترکیب تیاری : رات میں پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر شربت نیلوفر میں ملا کر پلائیں

# دواء غلبۂ خلط بلغم

حب ایارج ۲ عدد ماء العسل کے ساتھ دیں

# نقوع غلبۂ خلط بلغم

اجزاء : گل بنفشہ۔ بیخ کاسنی۔ بادیان۔ اسطوخودوس۔ اصل السوس۔ ہر ایک ۵ گرام۔ مویز منقی ۹ دانہ

ترکیب تیاری و استعمال: جملہ دواؤں کو گرام پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ (۴۰ گرام) ملا کر دیں

# جوشاندہ غلبہ خلط سوداء

اجزاء : شاہترہ چرائتہ بادیان بسفائج منقی
۷ گرام ۷ گرام ۷ گرام ۵ گرام ۹ دانہ

ترکیب تیاری واستعمال: جملہ داوؤں کو بھگو کر جوش دے کر خمیرہ بنفشہ ملا کر دیں

# مسہل سوداء

مذکورہ نسخ میں سناء مکی ترنجبین شکر سرخ مغز فلوس خیار شنبر
۵ گرام ۶۰ گرام ۶۰ گرام ۶۰ گرام
اضافہ کر کے پلائیں

# نوٹ

بہت سے نسخوں میں سمّی اور نشیلی دوائیں استعمال کی گئی ہیں۔ اس لیے ان نسخوں کو عمر، جسامت موسم اور مزاج کا خیال رکھتے ہوئے استعمال کرائیں۔ پہلے مقدار خوراک کم ہی دیں تو بہتر ہے۔ کسی دوا سے اگر کوئی رد عمل معلوم ہو تو دوا روک کر دودھ و گھی استعمال کرائیں اور ساتھ ہی ساتھ کوئی ملین اور لعابی دوا دیں۔